پرچہ: I	(1st A 324) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th	پہلا گروپ

مارکس: 80 | انشائی GUJ-1-24 | 2: گھنٹے

حصہ اول

(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی ...... خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہوجائے گا

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ...... حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہوجائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 x 3+1 = 10)

خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا ...... جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا

دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں ...... الٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا

ڈرتا ہوں دیکھ کر دلِ بے آرزو کو میں ...... سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو مہمان تو گیا

WWW.FGSTUDY.COM

حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعتِ علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں اچونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہلِ دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہوجاتا ہے۔

(ب) بدقسمتی سے کمیٹی کے پاس ہوا کی قلت تھی۔ اس لیے لوگوں کو ہدایت کی گئی کہ مفادِ عامہ کے پیشِ نظر اہلِ شہر ہوا کا بے جا استعمال نہ کریں بلکہ جہاں تک ہو سکے کفایت شعاری سے کام لیں۔ چنانچہ اب لاہور میں عام ضروریات کے لیے ہوا کی بجائے گرد اور خاص خاص حالات میں دھواں استعمال کیا جاتا ہے۔ کمیٹی نے جابجا دھوئیں اور گرد کے مہیا کرنے کے لیے مرکز کھول دیے ہیں جہاں یہ مرکبات مفت تقسیم کیے جاتے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ اس سے نہایت تسلی بخش نتائج برآمد ہوں گے۔

WWW.FGSTUDY.COM

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ +1=10)

(i) اوورکوٹ (ii) کیا واقعی دنیا گول ہے؟

5 - سید محمد جعفری کی نظم "ایبسٹریکٹ آرٹ" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان "سوشل میڈیا کے فوائد اور نقصانات" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

کالج میں ہونے والی سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

WWW.FGSTUDY.COM

7 - ایک مکان کی فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 =10)

جن قوموں نے موبائل فون اور لیپ ٹاپ بنائے وہ آج بھی کتاب پڑھتی ہیں۔ یورپ میں شائع ہونے والی نئی کتاب کی ہزاروں کاپیاں ایک ماہ میں فروخت ہو جاتی ہیں۔ ہم نہ کچھ ایجاد کرتے اور سیکھتے ہیں اور نہ ہمارے پاس کتاب پڑھنے کا وقت ہے۔ ہم بہانے بناتے ہیں کہ موبائل فون نے کتاب کی جگہ لے لی ہے۔ اگر ہم کتاب بینی کو فروغ نہیں دیں گے تو ہمارے ترجیحات بڑے گھر، موبائل فون، پلاٹ اور گاڑیاں ہوسکتی ہیں۔ انسانیت ہمیں چھو کر بھی نہیں گزرے گی، صرف شکم پروری ہمارا نصب العین ہوگا۔